© rasailojaraid.com



حاصلِ مطالعہ

# خلیفۂ راشد امیر المومنین سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ

# اطاعتِ رسول کے نمونۂ کامل

ایک مرتبہ حضرت ابومریم ازدی رضی اللہ عنہ، خلیفۂ راشد امیر المومنین سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاں حاضر ہوئے ـــــ سیدنا معاویہؓ نے اُن سے کسی معاملہ کی نسبت ناخوشی کا اظہار فرمایا تو سیدنا ابومریمؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث سُنی ہے۔ میں آپ کے سامنے اُس کو بیان کرتا ہوں۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ:

"خدا جس کو مسلمانوں کا والی بنا دے وہ اگر اُن کی حاجتوں، ضرورتوں اور ناداریوں سے (آنکھ بند کرکے) پردے میں چھپ جائے تو خدا بھی قیامت کے دن اُس کی حاجتوں، ضرورتوں اور ناداریوں سے (آنکھ بند کرکے) بے نیاز ہو جائے گا۔"

سیدنا معاویہؓ کے ہاں محبت و اطاعت رسول کے جذبہ کی پہلی ہی کمی نہ تھی۔ مگر سیدنا ابومریمؓ سے نبی علیہ السلام کا یہ ارشادِ گرامی سُنتے ہی طبعِ سلیم پر گہرا اثر ہوا۔ آپ نے فوراً ایک حُکم کے ذریعہ رعایا کی حاجت برآری کے لئے ایک مستقل شخص کو مقرر کر دیا۔

{ابوداؤد، کتاب الخراج والامارۃ
باب فیما یلزم الامام من امر الرعیۃ}

**آئندہ شمارے میں**

مولانا محمد سعید الرحمٰن علوی کا خصوصی مضمون "اس صدی میں رُتبۂ تجدید کا امین" ـــــ ملاحظہ فرمائیں:

معلومات افزاء ـ خیال آفریں ـ فکر انگیز ـ تہلکہ خیز ـــــ

© rasailojaraid.com